# اطلاع عام

## سپریم کورٹ پاکستان کے فیصلہ جات(Judgments/Orders) ودیگر دستاویزات کی مصدقہ نقول حاصل کرنے کا طریقہ واخراجات کی تفصیل

١ فریقِ مقدمہ یا کوئی بھی شخص سپریم کورٹ کے فیصلہ جات اور دیگر دستاویزات کی مصدقہ نقول سپریم کورٹ رولز مجریہ 1980 کے مطابق سپریم کورٹ دفتر سے بآسانی اور بغیر کسی رکاوٹ کے حاصل کرسکتا ہے اس کے لئے سپریم کورٹ کے استقبالیہ پر درخواست فارم بلا معاوضہ دستیاب ہیں۔

٢ نقل درخواست فارم انتہائی سادہ ہے جس کو پُر کر کے اور شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی منسلک کر کے استقبالیہ میں جمع کرا کر کمپیوٹرائزڈ رسید حاصل کی جاتی ہے۔اس ضمن میں کورٹ فیس ٹکٹ کی شکل میں اخراجات کی تفصیل درج ذیل ہے۔

٣ ایک صفحہ پر مبنی فیصلہ/ دستاویز پر کورٹ فیس ٹکٹ 10 روپے

۴ دو صفحہ پر مبنی فیصلہ/ دستاویز پر کورٹ فیس ٹکٹ 12 روپے

۵ تین صفحات پر مبنی فیصلہ/ دستاویز پر کورٹ فیس ٹکٹ 15 روپے

٦ چار یا اس سے زائد صفحات پر مبنی فیصلہ/ دستاویز پر کورٹ فیس ٹکٹ (ا) فی صفحہ ایک روپیہ چھیاسی پیسے
(ب) ہر نقل پر اضافی کورٹ فیس پانچ روپے

٧ سروس ٹربیونل کے فیصلہ جات کے خلاف داخل کئے گئے مقدمات میں متعلقہ سائل/ ملازم کی مصدقہ نقول بلا معاوضہ/کورٹ فیس ٹکٹ فراہم کی جاتی ہیں تاہم دوسری بار کاپی کے حصول کی صورت میں حسبِ ضابطہ کورٹ فیس ٹکٹ مذکورہ بالا حساب سے درخواست فارم پر چسپاں کی جائے گی۔

٨ سپریم کورٹ میں مصدقہ نقل کی فراہمی کا عمومی وقت درج ذیل ہے:

| | |
|---|---|
| کاپی برانچ میں موجود دستاویزات | 1 دن میں |
| دیگر برانچوں میں موجود دستاویزات | 3 دن میں |
| ریکارڈ روم میں موجود دستاویزات | 4 دن میں |

## سپریم کورٹ سے کیس کی پیپر بُک حاصل کرنے کا طریقہ

کوئی بھی فریقِ مقدمہ مجوزہ درخواست فارم پر پانچ روپے کی کورٹ فیس ٹکٹ لگا کر ایڈیشنل رجسٹرار یا ڈپٹی رجسٹرار جوڈیشل سے منظور کروانے کے بعد EPB کے دفتر سے مقدمہ کی پیپر بُک حاصل کر کے اپنے خرچ پر فوٹو کاپی کروا سکتا ہے۔

**نوٹ: درج بالا اخراجات بشکل کورٹ فیس ٹکٹ کے علاوہ کسی قسم کے اخراجات/ پیسے نہیں لئے جاتے تاہم اگر کوئی علاوہ ازیں اخراجات وصول کرے تو رجسٹرار سپریم کورٹ کے دفتر میں شکایت درج کرائی جاسکتی ہے۔**

**بحکم رجسٹرار سپریم کورٹ پاکستان**